# Directorate of Education, GNCT of Delhi

## Practice Question Paper(Annual)

## Session: 2025-26

## Class IX

## Subject Urdu Course B  (303)

**Time: 3 Hours** **M.M .80**

**عام ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل 14 سوالات ہیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) جواب تحریر کرتے وقت اُس کے سوال کا نمبر ضرور درج کریں۔

(iv) جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

## Section (A):حصّہ۔الف

## عبارت فہمی اور شعر فہمی

**سوال نمبر 1 مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات لکھیے۔** 5x1=5

ماحولیاتی آلودگی ایک سنگین عالمی مسئلہ بن چکا ہے جس کے اثرات ہر جاندار پر پڑ رہے ہیں۔ صنعتی ترقی، گاڑیوں کا دھواں اور پلاسٹک کا بے تحاشہ استعمال اس آلودگی کی اہم وجوہات ہیں۔ فضا میں زہریلی گیسوں کے اخراج سے اوزون کی تہہ متاثر ہو رہی ہے، جو سورج کی خطرناک شعاعوں کو زمین تک پہنچنے سے روکتی ہے۔ پانی کی آلودگی سمندری حیات کے لیے تباہ کن ثابت ہو رہی ہے اور زمینی آلودگی زرخیزی کو کم کر رہی ہے۔اِن مسائل پر قابو پانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اجتماعی طور پر کوشش کریں۔ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں، پلاسٹک کا استعمال ترک کریں اور ماحول دوست توانائی کے ذرائع اپنائیں۔

(i) ماحولیاتی آلودگی کے اہم اسباب میں سے ایک کون سا ہے؟

(A) درخت لگانا (B) بارش کا ہونا

(C) صنعتی ترقی اور گاڑیوں کا دھواں (D) صاف پانی کا استعمال

(ii) فضامیں زہریلی گیسوں کے اخراج سے کیا متاثر ہو رہا ہے؟

(A) زمینی زرخیزی (B) اوزون کی تہہ

(C) سمندری حیات (D) سورج کی روشنی

(iii) پانی کی آلودگی کس کے لیے تباہ کن ثابت ہو رہی ہے؟

(A) انسانوں کے لیے (B) پرندوں کے لیے

(C) سمندری حیات کے لیے (D) فصلوں کے لیے

(iv) زمینی آلودگی کا کیا نتیجہ نکل رہا ہے؟

(A) زرخیزی بڑھ رہی ہے (B) زیادہ بارشیں ہو رہی ہیں

(C) زرخیزی کم ہو رہی ہے (D) جنگلات بڑھ رہے ہیں

(v) ماحولیاتی مسائل پر قابو پانے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

(A) پلاسٹک کا بے تحاشہ استعمال کریں (B) کم سے کم درخت لگائیں

(C) ماحول دوست توانائی کے ذرائع اپنائیں (D) فیکٹریوں کو بند کر دیں

**یا**

شہد کی مکھیوں کا چھتّہ ایک حیرت انگیز معاشرتی نظام کی مثال ہے۔ اس چھتے میں ہزاروں مکھیاں ایک منظم زندگی گزارتی ہیں۔ ان میں ایک ''ملکہ مکھی'' ہوتی ہے جس کا کام صرف انڈے دینا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ ''نر مکھیاں'' ہوتی ہیں۔ یہ مکھیاں انتہائی محنتی اور وفادار ہوتی ہیں۔ وہ اپنے چھتے کی حفاظت کے لیے جان بھی دے دیتی ہیں۔ شہد انسان کے لیے ایک بہترین غذا اور شفا ہے، جس کا ذکر مذہبی کتابوں میں بھی ملتا ہے۔ مکھیوں کا یہ تعاون اور محنت انسانی معاشرے کے لیے ایک سبق آموز مثال ہے۔

(i) شہد کی مکھیوں کا چھتّہ کس چیز کی مثال ہے؟

(A) ایک افراتفری کے نظام کی (B) ایک غیر منظم زندگی کی

(C) ایک حیرت انگیز معاشرتی نظام کی (D) ایک تنہائی پسند گروہ کی

(ii) ملکہ مکھی کا بنیادی کام کیا ہوتا ہے؟

(A) پھولوں سے رس چوسنا (B) چھتے کی حفاظت کرنا

(C) شہد بنانا (D) صرف انڈے دینا

(iii) کام کرنے والی مکھیاں سارا دن کیا کرتی ہیں؟

(A) آرام کرتی ہیں (B) پھولوں سے رس چوس کر شہد بناتی ہیں

(C) ملکہ مکھی کی حفاظت کرتی ہیں (D) نر مکھیوں سے لڑتی ہیں

(iv) مکھیاں اپنے چھتے کی حفاظت کے لیے کیا کرتی ہیں؟

(A) ڈر کر بھاگ جاتی ہیں (B) چھتّہ چھوڑ دیتی ہیں

(C) جان دے دیتی ہیں (D) شور مچاتی ہیں

(v) اِس عبارت کے مطابق شہد کی مکھیوں کا تعاون اور محنت انسانی معاشرے کے لیے کیا ہے؟

(A) ایک معمولی بات (B) ایک سبق آموز مثال

(C) ایک غیر ضروری عمل (D) ایک پریشان کن سرگرمی

**سوال نمبر 2 مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات کا انتخاب کیجیے۔** 5x1=5

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے
قفس اُداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے
کبھی تو صبح ترے کنجِ لب سے ہو آغاز
کبھی تو شب سر کاکل سے مشکبار چلے
مقامِ فیض کوئی راہ میں جچا ہی نہیں
جو کوئے یار سے نکلے سو سوئے دار چلے

(i) شاعر نے گلشن کا کاروبار چلنے کو کس چیز سے مشروط کیا ہے؟

(A) پھولوں کے رنگ بھرنے سے (B) بادِ نسیم کے چلنے سے

(C) محبوب کے تشریف لانے سے (D) قفس کی اُداسی دور ہونے سے

(ii) ”قفس اُداس ہے یاروصبا سے کچھ تو کہو“ میں شاعر نے قفس کو کس چیز کی علامت کے طور پر استعمال کیا ہے؟

(A) جیل (B) گھر

(C) قید اور محرومی (D) گلشن

(iii) شاعر نے صبح کا آغاز کس چیز سے ہونے کی تمنّا کی ہے؟

(A) بادِ صبا کے چلنے سے (B) محبوب کے ہونٹوں کے کونے سے

(C) محبوب کی زلفوں کے بکھرنے سے (D) گلوں میں رنگ بھرنے سے

(iv) آخری شعر کے مطابق فیض کو کوئے یار سے نکلنے کے بعد کون سا مقام پسند آیا؟

(A) کوئی بھی مقام اچھا نہیں لگا (B) گلشن

(C) دار (D) کنجِ لب

(v) اس اقتباس کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(A) بہار کی آمد اور اُس کی خوبصورتی (B) قید و بند کی صعوبتیں

(C) محبوب کی جدائی کا غم اور اُس سے ملاقات کی شدید خواہش

(D) دنیاوی زندگی کی بے ثباتی

**یا**

یہ دنیا عجب کارخانہ ہے کوئی
کہ ہر دم دنیا ایک فسانہ ہے کوئی
جو گزرا، سو گزرا، نہ اُس پر غم کر
کہ آنے والا لمحہ سہانا ہے کوئی
یہ ہنستے ہوئے پھول کیا کہہ رہے ہیں
خوشی کا یہاں اب ٹھکانہ ہے کوئی
فلک پر ستارے یہ کیوں جھلملاتے؟
کہ شاید زمیں پر دوانہ ہے کوئی
نہ کر فکر فردا، یہ تدبیر چھوڑ دے
یقیں کر خدا کا، ٹھکانہ ہے کوئی

(i) شاعر کے نزدیک یہ دنیا کیا ہے؟
(A) ایک پرانا گھر (B) ایک عجیب کارخانہ
(C) ایک خوبصورت باغ (D) ایک ویران جگہ

(ii) شاعر گزرے ہوئے وقت کے بارے میں کیا نصیحت کر رہا ہے؟
(A) اُس کو یاد کر کے غم کرو (B) اُس سے سیکھ کر آگے بڑھو
(C) اُس پر غم نہ کرو (D) اُسے مکمل طور پر بھلادو

(iii) ہنستے ہوئے پھول کیا پیغام دے رہے ہیں؟
(A) خوشی عارضی ہے (B) خوشی کا یہاں اب ٹھکانہ ہے
(C) پھولوں کو مت توڑو (D) زندگی مشکل ہے

(iv) فلک پر ستاروں کے جھلملانے کی کیا وجہ بتائی گئی ہے؟
(A) وہ خوشی منا رہے ہیں (B) شاید زمین پر کوئی دوانہ ہے
(C) چاند کی روشنی ہے (D) وہ سورج کا انتظار کر رہے ہیں

(v) شاعر نے کس چیز کی فکر کرنے سے منع کیا ہے؟
(A) دنیا کی (B) پھولوں کی
(C) خدا کی (D) فکر فردا کی

**سوال 3 مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات لکھیے۔**

5X1= 5

بچپن سے مجھے دنیا کی سیر و سیاحت اور تجارت کا بہت شوق تھا۔ جب میں بڑا ہوا تو میں نے بہت سا مال خرید ا اور سوداگروں کے ایک جہاز پر سوار ہو گیا۔ ہم بہت دنوں تک سمندر میں سفر کرتے رہے اور جزیرہ جزیرہ جا کر اپنا مال فائدے سے بیچتے رہے۔ ایک دن ہم ایک ایسے جزیرے میں پہنچے جہاں آبادی نہیں تھی۔ چاروں طرف جنگل اور سبزہ ہی سبزہ نظر آ رہا تھا۔ سب سوداگر جہاز سے اُتر کر سیر کرنے لگے۔ میں بھی ایک طرف چل پڑا۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں سے نیند سی آنے لگی۔ میں سبزہ پر لیٹ گیا اور لیٹتے ہی آنکھ لگ گئی۔ معلوم نہیں کب تک سوتا رہا۔ جب آنکھ کھلی تو گھبرا کر ساحل کی طرف دوڑا۔ لیکن وہاں جہاز موجود نہ تھا۔ مجھے اُس جزیرے میں چھوڑ کر جہاز جا چکا تھا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) کہاوتوں کی کہانی (B) سند باز جہازی کا ایک سفر

(C) مصنوعی سیارہ (D) تنکا تھوڑی ہوا سے اُڑ جاتا ہے

(ii) مصنف کو بچپن سے کس چیز کا بہت شوق تھا؟

(A) وقت گزاری اور آرام طلبی کا (B) پڑھنے اور لکھنے کا

(C) دوسروں کی مدد کرنے کا (D) سیر و سیاحت اور تجارت کا

(iii) مصنف کس پر سوار ہو گیا؟

(A) میٹرو (B) ٹرین

(C) جہاز (D) بس

(iv) جب آنکھ کھلی تو مصنف نے خود کو کہاں پایا؟

(A) ساحل پر (B) سمندر میں

(C) جنگل میں (D) ریگستان میں

(v) سمندر سے گھری ہوئی زمین کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ساحل (B) جزیرہ

(C) جنگل (D) ریگستان

**سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اُس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات کا انتخاب کیجیے۔**

5x1=5

آیا ہے بَہار کا زمانہ
کلیوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں
ساری روشیں مہک رہی ہیں
ہلکی ہلکی یہ اُن کی خوش بو

پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سو
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے
سنتے ہیں چمن میں پھول سارے
شاخوں کا بنا لیا ہے جھولا
پھولوں سے لدا ہوا ہے جھولا
کونپل ہر اک ہے کیسی پیاری
سبزی میں جھلک رہی ہے سرخی
کتنی راحت فزا ہوا ہے
گویا جنّت کا در کھلا ہے

(i) درج بالا اقتباس کے شاعر کون ہیں؟

(A) اسمٰعیل میرٹھی (B) حامد حسن قادری
(C) حامد اللہ افسر میرٹھی (D) اختر شیرانی

(ii) چمن میں چڑیاں کیا کر رہی ہیں؟

(A) دانہ چُگ رہی ہیں (B) گھونسلے بنا رہی ہیں
(C) شور مچا رہی ہیں (D) گیت گا رہی ہیں

(iii) بہار کے موسم میں شاخوں کا کیا بن گیا ہے؟

(A) جھولا (B) چمن
(C) پنجرہ (D) مسکن

(iv) نظم میں بہار کی خوشبو کے بارے میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

(A) یہ بہت تیز ہے (B) یہ ہر طرف پھیلی ہوئی ہے
(C) یہ صرف پھولوں میں ہے (D) یہ بہت کم ہے

(v) بہار کی ہوا کو نظم میں کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے؟

(A) شام سے (B) خوبصورت منظر سے
(C) جنت کے دروازے سے (D) رات سے

## Section (B) حصہ (ب)

### تحریری مہارت

**سوال نمبر 5 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔** 1x10=10

(A) میرا پسندیدہ تہوار (B) کسی تاریخی مقام کی سیر
(C) پسندیدہ شخصیت (D) کتب بینی کے فوائد

سوال نمبر 6 اپنا سیکشن تبدیل کرانے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 1x5=5

**یا**

اپنے دوست کو امتحان میں کامیابی پر مبارکباد دینے کے لیے خط لکھیے۔

سوال نمبر 7 ڈاکٹر ذاکر حسین کے حالات زندگی اور اُن کے طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھیے۔ 1x5=5

**یا**

درسی کتاب میں دیے گئے سبق ''تنکا تھوڑی ہوا سے اُڑ جاتا ہے'' یا ''بانسری والا'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر 8 افسر میرٹھی یا حامد حسن قادری کے حالات زندگی اور اُن کی شاعرانہ خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ 1x5=5

**یا**

نظم ''چھٹی کا دن'' یا ''بہادر بنو'' میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

## حصہ (ج) Section (C)

## عملی قواعد

**سوال نمبر 9 نیچے لکھے ہوئے معروضی سوالات میں سے صرف آٹھ کے صحیح جواب لکھیے۔** 8x2=16

(i) 'شان دار' کیا ہے؟

(A) اِسم (B) ضمیر (C) لاحقہ (D) سابقہ

(ii) 'شاعر' کی جمع ہے؟

(A) شاعرہ (B) شاعری (C) غزل (D) شعرا

(iii) راشد' قلعہ' پنسل اور گھر کس کی مثالیں ہیں؟

(A) اسم (B) ضمیر (C) فعل (D) صفت

(iv) 'سہل' کا مترادف بتائیے۔

(A) دشوار (B) مشکل (C) آسان (D) تنہائی

(v) ''محبوب کے لب گلاب کی طرح ہیں'' مثال ہے:

(A) استعارہ کی (B) تشبیہ کی (C) اسم کی (D) فعل کی

(vi) 'آغاز' کا متضاد بتائیے۔

(A) شروعات (B) سمجھ داری (C) صبح (D) انجام

(vii) نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں جمع کی پہچان کیجیے۔

(A) عادت (B) قبور (C) کتاب (D) مسجد

(viii) لفظ 'بادشاہ' کا مؤنث بتائیے۔

(A) ملکہ (B) راجہ (C) حکومت (D) شہزادہ

(ix) رادھا ایک اچھی لڑکی ہے۔ وہ روزانہ اسکول جاتی ہے۔ اس جملے میں ضمیر کی مثال لکھیے۔

(A) اسکول (B) اچھی (C) روزانہ (D) وہ

(x) 'خوش رنگ' کیا ہے؟

(A) سابقہ (B) لاحقہ (C) ضمیر (C) مترادف

**سوال نمبر 10 درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔** 4X1=4

(i) خون سفید ہونا

(ii) جلے پر نمک چھڑکنا

(iii) رنگ فق ہونا

(iv) آپے سے باہر ہونا

## Section (D)(د) حصہ

### ادب

**سوال نمبر 11 مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 3x2=6

(i) وقت کے صحیح استعمال سے انسان میں کیا خوبیاں پیدا ہوتی ہیں؟

(ii) ساری دنیا ایک گاؤں میں کیسے تبدیل ہو گئی ہے؟

(iii) ''اونٹ کے گلے میں بلی،'' اس مقولے کا استعمال کب کیا جاتا ہے؟

**سوال نمبر 12 درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 2x1=2

(i) بانسری والے نے چوہوں کو بھگانے کے لیے کون سی شرط رکھی؟

(ii) جنگل میں پائے جانے والے مشہور درختوں کے نام بتائیے۔

**سوال نمبر 13 درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 2x2=4

(i) لالچ کرنے سے مکھی کو کیا سزا ملی؟

(ii) علم سے دماغ کس طرح روشن ہوتا ہے؟

**سوال نمبر 14 درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے۔** 3x1=3

(i) اسمٰعیل میرٹھی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(ii) 'بہادر بنو' نظم کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(iii) آپ کے نصاب میں کس شاعر کے دوہے شامل ہیں؟